**17.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ......آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ پارلیمنٹ نے 2026 کے مطالباتِ زر کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت کی بجٹ پالیسی شفاف اور حقیقت پسندانہ ہے۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے لوک سبھا میں کہا ہے کہ حکومت نے پچھلی دہائی کے دوران، سبھی شعبوں میں ریل خدمات کو یکسر تبدیل کیا ہے۔

☆ ترنمول کانگریس نے مغربی بنگال اسمبلی چناؤ کیلئے اپنے 291امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی بھوانی پور سے چناؤ لڑیں گی۔ کیرلم کیلئے کانگریس نے 55امیدوارں اور عام آدمی پارٹی نے 21 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ خلیج خطے میں سبھی بھارتی ملاح اور جہاز محفوظ ہیں۔ دوسرا LPG کیریئر 'نندا دیوی' آبنائے ہرمز کے راستے گجرات میں کاندلہ پورٹ پہنچ گیا ہے۔

☆ مغربی ایشیا کی جنگ میں مزید شدت آ گئی ہے۔ اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے سکیورٹی سربراہ، علی لاریجانی، اُس کے فضائی حملے میں ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور امریکہ کے، دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق افسر Joe Kent نے، ایران جنگ کی مخالفت کرتے ہوئے استعفیٰ دے دیا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**RS Appropriation Bill**

پارلیمنٹ میں 2026 کے مطالباتِ زر کے بل کو منظوری دے دی گئی ہے اور راجیہ سبھا نے اِسے بحث مباحثے کے بعد، لوک سبھا واپس بھیج دیا ہے۔ لوک سبھا نے اِس بل کو پہلے ہی منظوری دے دی تھی۔ اِس بل میں مالی سال 2025-26 کی خدمات کیلئے بھارت کے کنسولی ڈیٹیڈ فنڈ سے، ادائیگی اور مزید درکار رقوم کی منظوری کی بات کہی گئی ہے۔

راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے خاص طور سے کہا کہ مرکز، اقتصادی

استحکام کے فنڈ کیلئے 57ہزار 381 کروڑ 84لاکھ روپئے فراہم کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کیمیاوی کھادوں پر سبسڈی 19ہزار 230 کروڑ روپئے ہے تاکہ اُن اضافی ضرورتوں کو پورا کیا جاسکے، جو آئندہ ربیع فصل کے دوران سامنے آسکتی ہیں۔

وزیر خزانہ نے زور دے کر کہا کہ آتم نربھر بھارت پر وزیر اعظم نریندر مودی کی توجہ کے سبب بھارت، موجودہ صورتحال جیسے بحران سے نمٹنے کا اہل ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے یہ بھی کہا کہ کس طرح حکومت نے LPG کے میدان میں گھریلو صلاحیت میں اضافہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ LPG کی سپلائی کی صلاحیت میں مزید اضافہ کیا جارہا ہے اور گھریلو LPG کی پیداوار میں تقریباً 25فیصد اضافہ ہوا ہے۔

بجلی کی پیداوار کے بارے میں وزیر خزانہ نے کہا کہ بھارت میں قابل تجدید توانائی میں اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت، شمسی بجلی کی تنصیبی صلاحیت کے اعتبار سے دنیا کا تیسرا بڑا ملک ہے۔ کانگریس ممبر پارلیمنٹ راجیو شکلا نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ حکومت کو میزائل تیار کرنے اور تحقیق وترقی کے پروگرام پر مزید رقم خرچ کرنی چاہئے۔ انھوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ بھارت کے تعلقات خوشگوار ہیں۔x

## RS Rural Development Discussion

دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ''مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی قانون منریگا'' کا نام بدل کر روزگار اور آجیویکا مشن گرامین کیلئے وکست بھارت گارنٹی VB جی رام جی کرنے کا دفاع کیا ہے۔

آج راجیہ سبھا میں دیہی ترقی کی وزارت کے کام کاج پر مباحثے کا جواب دیتے ہوئے جناب چوہان نے خاص طور پر کہا کہ NDA حکمرانی کے دوران، اِس اسکیم پر، UPA حکمرانی سے بہتر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اپوزیشن، دیہی روزگار قانون کا نام بدلنے پر، سیاسی کھیل، کھیل رہی ہے۔x

## Rev Eve LS Demand of Grants Railway

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مودی حکومت نے گزشتہ دہائی کے دوران ریلوے میں بڑی تبدیلیاں لائی ہیں اور اِس شعبے کے سبھی پہلوؤں پر کام کیا ہے۔ اُنھوں نے کہاکہ نریندر مودی حکومت نے ملک میں ووٹ بینک کی سیاست کے بجائے کارکردگی پر مبنی سیاست کا آغاز کیا ہے۔ آج شام لوک سبھا میں ریلوے کی وزارت کے مطالباتِ زر پر بحث کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے دس سال کے دوران ریلوے کی اقتصادی صحت میں خاطرخواہ بہتری آئی ہے۔

**2045 Ashwini Railway Health**

جناب ویشنو نے کہاکہ مرکزی بجٹ میں ریلوے کیلئے مختص کی گئی رقم سے ملک کی ہر ریاست کو فائدہ پہنچے گا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ ڈیزل پر مبنی کام کاج کی جگہ ریلوے کی بجلی کاری کے نتیجے میں تقریباً 6ہزار کروڑ روپے کی بچت ہوئی ہے۔ جناب ویشنو نے کہاکہ ملک میں ہائیڈروجن ٹرین تیار کی گئی ہے، جو دنیا کی سب سے

طاقتور ہائیڈروجن ٹرین ہے۔ اِس سے پہلے آج بحث میں حصہ لیتے ہوئے TMC کی شتابدی رائے نے کہا کہ 341ٹرینوں میں پینٹری خدمات کی سہولت دستیاب نہیں ہے۔ اُنہوں نے زور دیا کہ ٹرینوں میں صاف ستھرے کھانے کے انتظامات ہونے چاہئیں۔

لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کے ارون بھارتی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارتی ریلوے نے اپنے ٹرانسپورٹ نظام کو یکسر تبدیل کیا ہے اور یہ نئے عالمی پیمانے مقرر کررہی ہے۔ کانگریس کے راج موہن Unnithan نے الزام لگایا کہ کیرالہ میں ریلوے کے پروجیکٹوں کی پیش رفت انتہائی سست ہے۔ اُنہوں نے کیرالہ میں تیزرفتار ریل راہداری کا مطالبہ کیا۔ لوک سبھا میں 210سے زیادہ اراکین نے بحث میں حصہ لیا۔×

## with Add Assembly Election List

ترنمول کانگریس TMC نے آج مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کی 291سیٹوں کیلئے اپنے امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ اُس نے دارجلنگ کی تین پہاڑی سیٹوں کو اپنی اتحادی ’بھارتیہ گورکھا پرجا تانترک مورچہ‘ BGPM کیلئے چھوڑ دیا ہے۔ پارٹی سربراہ ممتا بنرجی ایک بار پھر بھابنی پور سے چناؤ لڑیں گی، جہاں سے BJP نے اپوزیشن کے رہنما شوبھیندو ادھیکاری کو کھڑا کیا ہے۔

کانگریس پارٹی نے بھی کیرلم اسمبلی انتخابات کیلئے اپنے 55امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی ہے۔

برسراقتدار لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ اور BJP کی قیادت والے قومی جمہوری اتحاد نے کل اپنے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی تھی۔ اِس کے ساتھ ہی کیرلم میں انتخابی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے۔ اِسی دوران عام آدمی پارٹی نے بھی کیرلم کے اسمبلی انتخابات کیلئے اپنے 21امیدواروں کی فہرست جاری کردی ہے۔ ریاست میں انتخابات اگلے مہینے کی 9تاریخ کو کرائے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 4مئی کو کرائی جائے گی۔x

## EC Transfer

کیرلم میں انتخابی کمیشن نے پانچ سینئر افسران کا ٹرانسفر کردیا ہے اور اُن کی جگہ نئے افسران کو مقرر کیا ہے۔ اِن نو مقررہ افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ کل صبح سے پہلے، اپنے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ یہ ہدایت بھی دی گئی ہے کہ جن افسروں کا ٹرانسفر کیا گیا ہے اُنھیں انتخابات سے متعلق کوئی ڈیوٹی نہ دی جائے۔

انتخابی کمیشن نے آج مغربی بنگال میں 19سینئر پولیس افسروں کے بھی فوری طور پر ٹرانسفر کا حکم دیا ہے۔ 2022بیچ کی IPS افسر پیشپا کو باراست کی ایس پی، 2013بیچ کی IPS افسر ایشانی Paul کو ڈائمنڈ ہاربر کی SP اور 2013بیچ کے افسر سچن کو مرشدآباد کا SP مقرر کیا گیا ہے۔کمیشن نے کل مغربی بنگال کے DGP سمیت چار سینئر IPS افسروں کا بھی ٹرانسفر کیا ہے۔x

## SC Maternity

سپریم کورٹ نے آج اُس قانون کو منسوخ کردیا، جو خواتین کی جانب سے تین ماہ سے کم عمر کے بچے کو

قانونی طور پر گود لینے کی صورت میں خاتون کو بچے کی ابتدائی نگہداشت کی چھٹی کا اہل بناتا ہے۔ جسٹس جے–بی–پردی–والا اور جسٹس آر–مہادیون پر مشتمل بنچ نے مانا کہ گود لینے والی ماں، گود لئے گئے بچے کی عمر سے قطع نظر، 12 ہفتوں کی ابتدائی نگہداشت کی چھٹی کی اہل ہونی چاہیئے۔ سپریم کورٹ نے مرکز سے کہا کہ وہ والد کی جانب سے سماجی تحفظ کے فائدے کے طور پر بچے کی ابتدائی نگہداشت سے متعلق چھٹی تسلیم کرنے کے التزامات تشکیل دے۔×

## Inter Ministerial Briefing

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت کے خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے بتایا ہے کہ خلیج کے خطے میں سبھی بھارتی ملاح اور جہاز محفوظ ہیں۔ جناب سنہا نے یہ بات نئی دلّی میں، مغربی ایشیا کے تازہ ترین حالات وواقعات پر بین وزارتی بیان دیتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ 161 بھارتی ملاحوں کو وطن واپس بھیجا گیا ہے۔ جناب سنہا نے یہ بات بھی خاص طور پر بتائی کہ LPG کا دوسرا کیریئر نندا دیوی، گجرات میں کاندلہ پہنچ گیا ہے۔ یہ جہاز آج آدھی رات تقریباً ڈھائی بجے پہنچا تھا اور اب LPG کیریئرس 'شِوا لِک' اور 'نندا دیوی' دونوں جہازوں سے، مال اتارا جارہا ہے۔

**S/B 2115 Rajesh Kumar Sinha**

پیٹرولیم وقدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے آج ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل پورے ملک میں وافر مقدار میں دستیاب ہیں۔

**S/B 2045 Sujata Sharma**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برسلز کے اپنے حالیہ دورے میں یوروپی یونین کے مختلف ملکوں کے وزراء خارجہ کے ساتھ، عالمی چیلنجوں پر تبادلۂ خیال کیا جس میں خاص طور پر مغربی ایشیا کی صورتحال اور سبھی کیلئے توانائی کی فراہمی پر اِس کے اثرات پر توجہ دی گئی۔وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے اِس بیان کے بارے میں جانکاری دی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ وزیروں نے، اِس جنگ کو جلد ختم کرنے کے مقصد سے مذاکرات اور سفارتی کوششوں کی تفصیلات تیار کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے۔

وزارت خارجہ میں خلیجی امور کے ایڈیشنل سکریٹری اسیم مہاجن نے بتایا کہ بھارت کی مشن ٹیم، تیل ٹینکر "Safesea Vishnu" کے عملے کے 15 بھارتی ارکان کو جلد از جلد واپس لانے میں سرگرم ہے۔x

## Wes Asia Conflict

مغربی ایشیا میں پچھلے کچھ گھنٹوں کے دوران، جنگ میں کافی تیزی آ گئی ہے۔ اسرائیل کے فوجی افسران نے، ایران کے کمان ڈھانچے پر ایک بڑے حملے کا دعویٰ کیا ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کو محفوظ کرنے کیلئے ایک بین الاقوامی اتحاد کی تشکیل کیلئے کہا ہے، جہاں سے تیل کی آمد میں شدید رکاوٹ آئی ہے۔ پینٹاگن نے دعویٰ کیا ہے کہ ہزاروں حملوں کی وجہ سے ایران کی

حملے کی صلاحیت میں کافی کمی آئی تھی لیکن آج لگاتار میزائل حملوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران نے اپنی کارروائی کی صلاحیت بحال کرلی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Vinod Kumar**

پورے مغربی ایشیا میں کشیدگی تیزی سے پھیل رہی ہے۔ لبنان میں اسرائیل کی فوجی سرگرمی میں شدت آگئی ہے۔ ایران میں افسران، مبینہ طور پر قیادت کے نقصان کے باوجود دفاعی نوعیت اختیار کئے ہوئے ہیں اور اسرائیل کی جانب لگاتار میزائل داغ رہے ہیں۔ اُن کی طرف سے وارننگ دی جارہی ہے کہ کوئی بھی ملک، جو امریکی فوجی کارروائی میں مدد دے گا اُسے جائز نشانہ سمجھا جائے گا۔ پورے خلیج خطے میں سکیورٹی کی صورتحال تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے۔ دوحہ میں فضا میں ہتھیاروں کے دھماکے سنے گئے جبکہ فجیرہ کے مشرق میں کویت کے پرچم بردار کمرشل ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا، جس کی وجہ سے جہاز رانی کے اہم راستے کی حفاظت کے بارے میں خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔

دُبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

اِسی دوران، سفارتی کوششیں جاری ہیں اور شیخ عبداللہ بن زائد النہیان اپنے بین الاقوامی ہم منصبوں کے ساتھ فوری بات چیت کر رہے ہیں، جس کے دوران وہ اِس بات کو دُہراتے ہوئے، متحدہ عرب امارات کے اپنی دفاع کے حقوق پر زور دے رہے ہیں کہ اُس کے علاقے کو، خطے میں پھیلتی ہوئی جنگ میں مزید نہ گھسیٹا جائے۔x

## Israel Larijani Killed

اسرائیل کے وزیر دفاع Israel Katz نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے سکیورٹی سربراہ علی لاریجانی کل رات ایک فضائی حملے میں ہلاک ہوگئے۔ البتہ ایران کی طرف سے اِس سلسلے میں کوئی اظہارِ خیال نہیں کیا گیا ہے۔

علی لاریجانی ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل SNSC کے ایک بااثر سکریٹری تھے۔ اِس عہدے پر اُن کا تقرر اگست 2025 میں کیا گیا تھا۔ کونسل میں اُن کا یہ تقرر ایران کے روحانی پیشوا مرحوم آیت اللہ علی خامنہ ای کے نمائندے کے طور پر کیا گیا تھا۔

اسرائیلی فوج نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ اُس نے وسطی تہران میں ایک حملے میں، بسیج نیم فوجی دستے کے کمانڈر غلام رضا سلیمانی کو بھی ہلاک کردیا ہے۔خبروں کے مطابق سلیمانی 2019 سے بسیج دستے کے سربراہ تھے اور وہ ایران کی داخلی سکیورٹی میں کلیدی اہمیت کے حامل تھے۔x

## USA Resign

امریکہ کے انسدادِ دہشت گردی کے قومی مرکز کے سربراہ Joe Kent نے ایران کے ساتھ امریکہ اور اسرائیل کی جنگ کے معاملے پر استعفیٰ دے دیا ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو لکھے ایک خط میں اُنہوں نے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے امریکہ کو مستقبل قریب میں کوئی خطرہ نہیں ہے اور امریکی حکومت نے اسرائیل کے دباؤ میں ایران کے خلاف جنگ شروع کی ہے۔ اِس دوران وہائٹ ہاؤس نے اِس خط پر اب تک کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔

## India UN Pak

بھارت نے اقوامِ متحدہ میں پاکستان پر سخت تنقید کی ہے اور اُس پر اپنے گھریلو ریکارڈ کو نظرانداز کرنے اور پڑوسی ملکوں میں اسلامو فوبیا کے من گھڑت اور خیالی بیانیے کو پھیلانے کا الزام لگایا۔ اسلامو فوبیا سے نمٹنے کی بین الاقوامی دن کے موقع پر اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے مستقل مندوب پی ہریش نے سوال کیا کہ اسلام آباد کی جانب سے احمدیہ فرقے پر ظلم وجبر اور رمضان کے مہینے میں افغانستان میں فضائی بمباری کی مہموں کو کس طرح صحیح ٹھہرایا جاسکتا ہے۔×

## Badminton Orleans Masters

بیڈمنٹن میں آج فرانس میں **Orleans Masters** سُپر **300** ٹورنامنٹ شروع ہوگیا ہے۔ خواتین کے سنگلز میں آکارشی کشیپ نے، چینی تائی پے کی **Lee Yi** کو آج شام ایک کوالیفائر میچ میں اکیس–سترہ، اکیس–اُنیس سے ہرا دیا۔ مردوں کے سنگلز میں کدامبی سری کانت کا مقابلہ کل کوالیفائر میچ میں ڈنمارک کے میگنس جوہانسین سے ہوگا۔آیوش شیٹی، اپنا پہلا میچ ایک اور کوالیفائر راؤنڈ میں، اپنے ہم وطن کرن **George** کے ساتھ کھیلیں گے۔x

## Guj UCC Committee

گجرات میں یکساں سول کوڈ سے متعلق اعلیٰ سطحی کمیٹی نے آج گاندھی نگر میں وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل کو اپنی حتمی ڈرافٹ رپورٹ پیش کی۔ سپریم کورٹ کی سبکدوش جج، جسٹس رنجنا پرکاش دیسائی کی قیادت والی کمیٹی نے گجرات کے ضلعوں سے حاصل عوامی رائے اور جامع مطالعے کے بعد یہ رپورٹ تیار کی ہے۔ یہ ڈرافٹ رپورٹ سبھی مذاہب اور برادریوں کیلئے شادی، طلاق، وراثت اور گود لینے جیسے معاملوں پر مشترکہ قانونی فریم ورک وضع کرنے کی تجویز پیش کرتی ہے۔ سفارشات کا بنیادی مرکز، خواتین کیلئے مساوی حقوق اور سلامتی کو یقینی بنانے پر ہے۔ گجرات میں یکساں سول کوڈ کے نفاذ کیلئے اگلے اقدامات طے کرنے کے مقصد سے ریاستی حکومت اب اِن سفارشات کا جائزہ لے گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆